| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 2 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: سُورج

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سکول اور گھر کے مشرق، مغرب، شمال اور جنوب کی طرف موجود جگہوں کے نام بتا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں بنیادی سمتوں کے کیا نام ہیں اور یہ کیسے معلوم کی جاتی ہیں؟ طلبہ کو بتائیں کہ کسی بھی جگہ کا محل وقوع معلوم کرنے کے لیے سمت اہم کردار ادا کرتی ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 6 پر "میرا گھر اور اطراف" کی تصویر دکھائیں اور اس کے متعلق ان سے گفتگو کریں۔
- انھیں بتائیں کہ ہم اپنے اطراف کی جگہوں کی سمت قطب نما آلے کی مدد سے معلوم کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو سکول کے میدان میں لے جائیں اور قطب نما آلے کی مدد سے سمتیں معلوم کروائیں۔ سمتیں معلوم کرنے کے بعد ان مقامات کی نشان دہی کروائیں جو سکول کے ارد گرد موجود ہیں۔
- طلبہ کو کمرا جماعت میں واپس لائیں اور تختہ تحریر پر سکول کا خاکہ بنا کر اس کے گرد سَمتوں کا تعین کر کے جن مقامات کی نشان دہی کی گئی تھی، ان کے نام لکھیں۔

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| اطراف | اَط۔ راف | طرف کی جمع |
| واقع | وا۔ قع | نمودار ہونے والا |

| اعادہ: | 2منٹ |
|---|---|

طلبہ کو بنیادی سمتوں کا اعادہ کروائیں۔

| جائزہ: | 6منٹ |
|---|---|

مشق کا سوال نمبر ۲ اور ۳ کتاب پر حل کروائیں۔

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

ورک شیٹ حل کریں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 5منٹ |
|---|---|

قطب نما آلے کی مدد سے کمرا جماعت میں سمتوں کا تعین کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ______________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: سُورج |
|---|---|---|

**سوال نمبر 1: سمتوں کی مدد سے اپنے گھر کے اطراف جگہوں کی نشان دہی کریں۔**

















(i) میرے گھر کے مشرق میں ______________ ہے۔

(ii) میرے گھر کے مغرب میں ______________ ہے۔

(iii) میرے گھر کے شمال میں ______________ ہے۔

(iv) میرے گھر کے جنوب میں ______________ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 2 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: وسائل اور ان کی اقسام

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ''اصطلاح وسائل'' کی تعریف بیان کر سکیں۔
- وسائل کی اقسام (قدرتی وسائل، انسانی وسائل اور سرمائے کے وسائل) بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں وسائل سے مراد ایسی چیزیں ہیں جو قدرت نے ہمیں عطا کی ہیں یعنی جنھیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے پیدا کیا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 8 سے متن پڑھوائیں اور تصاویر دکھائیں۔
- انھیں بتائیں ہمارے ارد گرد بہت سی اشیا پائی جاتی ہیں جنھیں ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
- فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے انھیں بتائیں وسائل کی تین اقسام ہیں۔
- تختہ تحریر پر تین کالم بنائیں اور وسائل کی اقسام کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| قدرتی وسائل | انسانی وسائل | سرمائے کے وسائل |

- طلبہ سے کہیں اپنے ارد گرد جائزہ لیں اور ان اشیا کی فہرست بنائیں جو قدرتی طور پر پائی جاتی ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اشیا | اش۔ یا | شے کی جمع، چیزیں |

| | | |
|---|---|---|
| وسائل | وَ۔سا۔ئل | ذرائع |
| قدرتی | قُد۔ر۔تی | فطری |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

صفحہ نمبر 8 پر دی گئی تصاویر سے متعلق طلبہ سے گفتگو کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

وسائل سے متعلق کمرا جماعت میں گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: وسائل اور ان کی اقسام |

سوال 1: درج ذیل قدرتی، انسانی اور سرمائے کے وسائل کے نام لکھیں۔

| قدرتی وسائل | انسانی وسائل | سرمائے وسائل |
|---|---|---|
|  |  |  |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ____ |

**سبق کا نام: وسائل اور ان کی اقسام**

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قدرتی وسائل (پودے، جانور، پانی، ہوا، زمین، جنگلات اور مٹّی وغیرہ) انسانی وسائل (کسان، معمار اور مصوّر وغیرہ) اور سرمائے کے وسائل (ٹرک، کمپیوٹر اور صنعتی عمارتیں وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے وسائل کی تعریف اور ان کی اقسام پوچھیں۔ انھیں بتائیں کہ تمام وسائل کو بروئے کار لا کر ہم اپنی زندگی کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ انھیں بتائیں آج ہم وسائل کی اقسام مثالوں کے ساتھ پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 9 تا 10 ''قدرتی وسائل تا سرمائے کے وسائل'' کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں سورج، پودے اور پانی کے ذخائر وغیرہ کے فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے بتائیں کہ یہ وسائل قدرتی طور پر موجود ہیں انھیں قدرتی وسائل کہتے ہیں۔
- طلبہ کو معمار، ڈاکٹر، وکیل وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔
- انھیں بتائیں انسانی وسائل سے مراد وہ لوگ ہیں جو کام کرنے کی مہارت اور صلاحیت رکھتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں جن وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے دولت کمائی جا سکے وہ سرمائے کے وسائل کہلاتے ہیں۔ مثلاً اوزار، مشینیں، ٹرک، کارخانے وغیرہ۔ دراصل یہ تمام اشیا انسانوں کی تیار کردہ ہیں۔ جن کو بروئے کار لا کر ہم اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قدرتی | قُد۔ر۔تی | فطری |
| مہارت | مَ۔ہا۔رَت | ہنر مندی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کے سوال نمبر 1 سے (الف) اور (ب) سوالات طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے ارد گرد موجود قدرتی وسائل سے متعلق گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: وسائل اور ان کی اقسام** |

**سوال 1:** قدرتی وسائل اور انسانی وسائل میں کیا فرق ہے؟

____________________________________

____________________________________

____________________________________

____________________________________

____________________________________